No. of Printed Pages : 5 **BUDC-132**

# B.A. (GENERAL) (URDU) (CBCS)

# (BAG)

## Term-End Examination

## June, 2026

## BUDC-132 : STUDY OF URDU CLASSICAL GHAZAL

*Time : Three Hours ]* *[ Maximum Marks : 100*

---

نوٹ:۔ سبھی حصوں کے تمام سوالوں کے جوابات لازمی ہیں۔ ہر سوال کے نمبر اس کے سامنے درج ہیں۔

---

(حصہ الف)

۱۔ درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے۔ ۱۰

اس پھول سے چہرے کو جو کوئی یاد کرے گا

ہر آن میں سو سو چمن ایجاد کرے گا

جس بیت میں تعریف لکھوں اس کی بھنوؤں کی

البتہ ہلالی بھی اسے صاد کرے گا

البتہ سر آنکھوں سے کروں گا اسے منظور

جو عشق کا ہادی مجھے ارشاد کرے گا

معلوم ہوا عشق کے اطوار سے یوں کر

مجھ عقل کی بنیاد کو برباد کرے گا

یا

پتا پتا بوٹا بوٹا حال ہمارا جانے ہے

جانے نہ جانے گُل ہی نہ جانے باغ تو سارا جانے ہے

عاشق سا تو سادہ کوئی اور نہ ہوگا دنیا میں

جی کے زیاں کو عشق میں اس کے اپنا وارا جانے ہے

چارہ گری بیماری دل کی، رسم شہر حسن نہیں

ورنہ دلبر ناداں بھی اس درد کا چارا جانے ہے

مہر و وفا و لطف و عنایت، ایک سے واقف ان میں نہیں

اور تو سب کچھ طنز و کنایہ، رمز و اشارہ جانے ہے

۲۔ اردو غزل کے کلاسیکی دور پر روشنی ڈالیے۔ ۱۰

یا

سراؔج اورنگ آبادی کی غزل پر اظہار خیال کیجیے۔

۳۔ میرؔ کے شعری امتیازات بیان کیجیے۔ ۱۰

یا

آتشؔ کی غزل گوئی کی خصوصیات بیان کیجیے۔

(حصہ ب)

۴۔ غالبؔ کی غزل گوئی پر اظہار خیال کیجیے۔ ۱۵

یا

مومنؔ کی غزل کی انفرادیت واضح کیجیے۔

۵۔ اردو غزل کا تہذیبی اور سماجی پس منظر بیان کیجئے۔ ۱۵

یا

شمالی ہند میں اردو غزل پر ایک نوٹ لکھیے۔

(حصہ ج)

۶۔ بہادر شاہ ظفؔر کی غزل کے محاسن بیان کیجئے۔ ۲۰

یا

ولی کی غزل کی اہم خصوصیات قلمبند کیجئے۔

۷۔ غزل کی تعریف کرتے ہوئے اس کے فن پر مفصل اظہار خیال کیجیے۔ ۲۰

یا

اردو غزل کے آغاز و ارتقاء پر روشنی ڈالیے۔

××××××××